(iv) امیدوار نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی کاپی اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز کے نام اندر معیاد ارسال کریں۔

(v) تعلیمی سیشن 23-2021 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران ہی دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(vi) اگر کوئی امیدوار سال 2021ء میں پارٹ اول کے امتحان میں ریگولر شامل ہوا مگر کسی وجہ سے سال 2022ء میں پارٹ دوم میں ریگولر طور پر شامل امتحان نہیں ہوسکا تو اسے آنے والے امتحان پارٹ دوم سپلیمنٹری 2022ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی۔

## -4 استثنیٰ حاصل کرنے والے امیدواران کا داخلہ/ رجسٹریشن ریٹرن کی ترسیل۔

امتحان ثانوی سالانہ 2022ء میں استثنیٰ (Compartment) حاصل کرنے والے امیدواران کو سال اول میں داخلہ کی مشروط اجازت ہوگی۔ تاہم ایسے امیدواران کی آن لائن رجسٹریشن ریٹرن الگ سے مرتب کر کے ہمراہ رزلٹ کارڈز اور رجسٹریشن فیس مشروط طور پر ارسال کی جائے۔ امتحان ثانوی سپلیمنٹری 2022ء پاس کر لینے کی صورت میں رجسٹریشن نمبر جاری کیا جائے گا۔ فیل امیدواران کی رجسٹریشن فیس ناقابل واپسی ہوگی۔ مشروط طور پر بھیجی گئی رجسٹریشن ریٹرن میں پاس امیدواران کے رزلٹ کارڈز کی مصدقہ نقول نتیجہ کی اشاعت کے بعد اندر 10 ایام بورڈ کو ارسال کی جائیں۔

## -5 دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود سے آنے والے طلبہ/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن۔

(i) دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود میں انٹرمیڈیٹ سال اول میں داخلہ حاصل کرنے کے بعد ہجرت کر کے بورڈ ہذا کی علاقائی حدود میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند طلباء/ طالبات کو سابقہ بورڈ کا جاری کردہ اصل مائیگریشن سرٹیفکیٹ/ این او سی (NOC) اور کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (College Leaving Certificate) پیش کرنے پر داخلہ دیا جائے۔ داخلہ سابقہ کالج چھوڑنے کی (یعنی کالج لیونگ سرٹیفکیٹ پر درج ) تاریخ سے ایک ماہ کے اندر داخلہ دیا جائے اور ایسے طلبہ کو ری ایڈمشن Other Board کی کیٹیگری میں آن لائن Feed کریں اور رجسٹریشن ریٹرن ہمراہ متذکرہ بالا دستاویزات ارسال کریں۔

(ii) دیگر بورڈز سے انٹرمیڈیٹ سال اول کا امتحان دے کر آنے والے امیدواران کو بھی متذکرہ بالا دستاویزات پیش کرنے پر 30 یوم کے اندر داخلہ دیا جائے تاہم ایسے امیدواران کی مینول ریٹرن مرتب کر کے ہمراہ دستاویزات و رجسٹریشن فیس چالان مبلغ -/1850 روپے فوری ارسال کریں۔ تاخیر کی صورت میں تحت قواعد جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

## -6 دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود سے آنے والے طلبہ/طالبات کا ری ایڈمشن

دوسرے بورڈز سے آنے والے امیدواران اپنے سابقہ بورڈ سے باقاعدہ ری ایڈمٹ ہو کر بورڈ ہذا میں انٹر سال اول میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

## -7 اردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر مضمون اختیار کرنے کا معاملہ۔

اردو لازمی کی بجائے پاکستانی کلچر کا تحت قواعد وہی امیدواران امتحان دینے کے اہل ہیں جو غیر ملکی شہریت کے حامل ہوں یا پاکستانی شہریت کے حامل ایسے امیدواران جو آخری تین سال مسلسل بیرون ملک رہے ہوں اور انہوں نے میٹرک سطح تک اردو لازمی نہ پڑھا ہو۔ ایسے امیدواران کی پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی ریٹرن کے ہمراہ ارسال کی جائیں۔

## -8 کالج ٹو کالج مائیگریشن۔

کالج ٹو کالج مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جاسکتی ہے۔ مائیگریشن فیس کی عام شرح -/1100 روپے اور ارجنٹ فیس -/1600 روپے ہے۔

**نوٹ:-** کالج ٹو کالج مائیگریشن کو صرف online web portal کے ذریعے ہی ہوگی۔

## -9 جی سی ای او (G.C.E.O) پاس کرنے والے امیدواران کا داخلہ۔

ایسے طلباء و طالبات جنہوں نے جی سی ای او (G.C.E.O) کا سالانہ امتحان 2022ء میں پاس کیا ہو سربراہان ادارہ جات کو چاہیئے کہ ان کا داخلہ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) اور مارکس شیٹ کالج کو فراہم کرنے پر ہی کریں۔ مساوی سرٹیفکیٹ کے بغیر ہرگز داخلہ نہ دیا جائے۔

## -10 مضامین/ گروپ کی تبدیلی۔

مضامین/گروپ کی تبدیلی امتحانی شیڈول جاری ہونے تک فی مضمون فیس -/1200 اور گروپ تبدیلی فیس -/2500 روپے بینک میں جمع کروا کر اصل چالان کے ہمراہ ادارہ کے لیٹر پیڈ پر تحریک کریں۔ فارم داخلہ ارسال کرنے کے بعد تبدیلی گروپ/ مضمون کے لیے کنٹرولر امتحانات کالجز کو تحریک کی جائے۔

12-9-22

(ساجد عزیز نور)
**سیکریٹری**

نمبر بورڈ/رجسٹریشن/ 9028-10028 / 2022 مورخہ: 12-09-2022

**نقل بالا بخدمت:**

-1 جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-2 پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر ہائر ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-3 جناب سیکرٹری (ہائیر ایجوکیشن/ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-4 جناب ناظم اعلیٰ ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ/زنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

-5 جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/مظفرآباد/پونچھ ڈویژن۔

-6 جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات آزاد کشمیر کالجز/ہائرسیکنڈری سکولز/ سکولز۔

-7 ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

-8 ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور/تراڑکھل/مظفرآباد۔

-9 سیکریٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور/راولپنڈی/گوجرانوالہ/سرگودھا/فیصل آباد/ڈیرہ غازی خان/ملتان/بہاولپور/ساہیوال۔

-10 نمائندگان PTV/APP، روزنامہ نوائے وقت/ جنگ/ پاکستان/ اوصاف/ خبریں/ جموں وکشمیر/ کائنات/ شاہین/ محاسب بغرض اشاعت بطور خبر۔

-11 نیوز آڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ تراڑکھل/ میرپور۔

-12 داخلی تقسیم/ آفس آرڈر فائل/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔